# 14 ایس بی پی بی ایس سی (بینک) کا مالی گوشوارہ

**ایم یوسف عادل سلیم اینڈ کو**
چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس
کیوش کورٹ، اے35
بلاک 7اور8، کے سی ایچ ایس یو
شارع فیصل
کراچی

**ارنسٹ اینڈ ینگ فورڈ روڈز سیدات حیدر**
چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس
پروگریسو پلازا
بیومونٹ روڈ
پی او باکس15541
کراچی

## حصہ داروں کو آڈیٹرز کی رپورٹ

ہم نے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (کارپوریشن) کے منسلکہ مجموعی مالی گوشواروں کا آڈٹ کیا ہے، جو30 جون2009ء کو مجموعی بیلنس شیٹ اور نفع ونقصان کھاتے، نقد کی آمدورفت کے گوشوارے، ایکویٹی میں تبدیلی کے گوشوارے اور اہم اکاؤنٹنگ پالیسیوں اور دیگر وضاحتی معلومات کے خلاصے پر مشتمل ہے۔

**مالی گوشواروں کے حوالے سے انتظامیہ کی ذمہ داری**
کارپوریشن کی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ زیرنظر مالی گوشوارے بین الاقوامی اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز1 تا38 اور سرمایہ کاریوں سے متعلق اکاؤنٹنگ پالیسی کے مطابق، جو کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے منظور کردہ مالی گوشواروں کے نوٹ نمبر5.1 میں بیان کی گئی ہے، تیار کرے اور درست طور پر پیش کرے۔ اس ذمہ داری میں شامل ہے: مالی گوشواروں کی تیاری اور درست پیش کاری سے متعلق داخلی کنٹرولز نافذ کرنا اور برقرار رکھنا تاکہ گوشواروں میں دھوکے یا غلطی کی وجہ سے کوئی غلط بیانی نہ ہو، موزوں اکاؤنٹنگ پالیسیاں منتخب اور لاگو کرنا، اور ایسے اکاؤنٹنگ تخمینے لگانا جو درپیش حالات معقول ہوں۔

**آڈیٹرز کی ذمہ داری**
ہماری ذمہ داری یہ ہے کہ اپنے آڈٹ کی بنیاد پر زیرنظر مالی گوشواروں پر رائے کا اظہار کریں۔ ہم نے اپنا آڈٹ بین الاقوامی آڈیٹنگ اسٹینڈرڈز کے مطابق انجام دیا ہے۔ ان اسٹینڈرڈز کا تقاضا ہے کہ ہم اخلاقی شرائط پوری کریں اور آڈٹ کی منصوبہ بندی اور اس کا عمل اس انداز سے کریں کہ ہمیں معقول یقین دہانی مل جائے کہ مالی گوشوارے قابل ذکر غلط بیانیوں سے پاک ہیں۔

آڈٹ کے عمل میں مالی گوشواروں کی رقوم اور انکشافات کے بارے میں شواہد حاصل کرنے ہوتے ہیں۔ اس عمل کے لیے جو طریقے چنے جاتے ہیں ان کا انحصار آڈیٹرز کی اپنی فیصلہ کرنے کی قوت پر ہوتا ہے جس میں مالی گوشواروں میں دھوکے یا غلطی کی بنا پر قابل ذکر غلط بیانی کے خطرات کو جانچنا شامل ہے۔ ان خطرات کو جانچتے وقت آڈیٹر کارپوریشن میں مالی گوشواروں کی تیاری اور درست پیش کاری سے متعلق داخلی کنٹرول کو بھی مدنظر رکھتا ہے تاکہ آڈٹ کے وہ طریقے وضع کر سکے جو درپیش حالات موزوں ہوں، نہ کہ کارپوریشن کے داخلی کنٹرول کی اثرانگیزی پر رائے ظاہر کرنے کے لیے۔ آڈٹ میں اکاؤنٹنگ پالیسیوں کی موزونیت اور اکاؤنٹنگ تخمینوں کی معقولیت کو بھی جانچا جاتا ہے نیز مالی گوشواروں کی مجموعی پیش کاری بھی دیکھی جاتی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ آڈٹ کے لیے ہمیں جو شواہد ملے ہیں وہ ہماری رائے کے لیے کافی اور موزوں بنیاد فراہم کرتے ہیں۔

**رائے**

ہماری رائے میں مالی گوشواروں میں کارپوریشن کی 30 جون 2009ء کو مالی کیفیت اور اس کی مالی کارکردگی اور نقد کی آمدورفت کی صحیح اور مناسب تصویر پیش کی گئی ہے جو بین الاقوامی اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز 1 تا 38 اور سرمایہ کاریوں کی اکاؤنٹنگ پالیسی، جو کارپوریشن کے مرکزی بورڈ آف ڈائریکٹرز کے منظور کردہ مالی گوشواروں کے نوٹ نمبر 5.1 میں بیان کی گئی ہے، کے مطابق ہے۔

ایم یوسف عادل سلیم اینڈ کو
چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس
کراچی

مشتاق علی ہیرانی
آڈٹ انگیج منٹ پارٹنر
تاریخ: 12 اکتوبر 2009ء

ارنسٹ اینڈ ینگ فورڈ روڈز سیدات حیدر
چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس
کراچی

عمر چغتائی
آڈٹ انگیج منٹ پارٹنر

# ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن
## بیلنس شیٹ
## 30 جون 2009ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے

| | نوٹ | 2009ء | 2008ء |
|---|---|---|---|
| | | 000روپے | |
| اثاثے | | | |
| بینک دولت پاکستان کے کرنٹ اکاؤنٹ میں بیلنس | | **3,702,522** | 2,369,636 |
| سرمایہ کاریاں | 6 | **913,252** | 917,533 |
| ملازمین کے قرضے | 7 | **7,928,445** | 7,781,361 |
| املاک اور آلات | 8 | **183,510** | 183,667 |
| اسٹاک بہ دست | 9 | **81,991** | 72,806 |
| دیگر اثاثے | 10 | **47,037** | 37,093 |
| **مجموعی اثاثے** | | **12,856,757** | 11,362,096 |
| **واجبات** | | | |
| مؤخر واجبات-اسٹاف ریٹائرمنٹ فوائد | 11 | **9,591,330** | 8,244,213 |
| **دیگر واجبات** | 12 | **2,265,427** | 2,117,883 |
| **مجموعی واجبات** | | **11,856,757** | 10,362,096 |
| **خالص اثاثے** | | **1,000,000** | 1,000,000 |
| **بصورت:** | | | |
| سرمایہ کاری حصص | 13 | **1,000,000** | 1,000,000 |
| وعدے | 14 | | |

منسلکہ نوٹس 1 تا 21 ان مالی گوشواروں کا جزو لاینفک ہیں۔

قاسم نواز
مینیجنگ ڈائریکٹر

ریاض نذر علی
ڈائریکٹر اکاؤنٹس

# ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن
## نفع ونقصان کھاتہ
## 30 جون 2009ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے

| | نوٹ | 2009ء | 2008ء |
|---|---|---|---|
| | | 000روپے | |
| مکسوبہ ڈسکاؤنٹ اور سود | 15 | **82,818** | 78,195 |
| خالص جاری اخراجات | 16 | | |
| مجموعی اخراجات | | **6,243,059** | 4,966,747 |
| بینک دولت پاکستان سے قابل وصولی | | **(4,012,936)** | (3,376,624) |
| بینک دولت پاکستان کو مختص | | **(2,230,123)** | (1,590,123) |
| | | - | - |
| | | **82,818** | 78,195 |
| املاک اور آلات کی ڈسپوزل پر فائدہ | | **3,896** | 1,544 |
| بینک دولت پاکستان کو منتقل کردہ منافع | | **86,714** | 79,739 |

منسلکہ نوٹس 1 تا 21 ان مالی گوشواروں کا جزو لاینفک ہیں۔

قاسم نواز
مینجنگ ڈائریکٹر

ریاض نذر علی
ڈائریکٹر اکاؤنٹس

# ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن
## ایکویٹی میں تبدیلیوں کا گوشوارہ
## 30جون2009ءکوختم ہونے والے سال کے لیے

| | سرمایہ حصص | غیر حاصل شدہ منافع | مجموعی |
|---|---|---|---|
| | | 000روپے | |
| 30جون2007ءکوبیلنس | 1,000,000 | - | 1,000,000 |
| سال کا منافع | - | 79,739 | 79,739 |
| بینک دولت پاکستان کومنتقل کردہ منافع | - | (79,739) | (79,739) |
| 30جون2008ءکوبیلنس | 1,000,000 | - | 1,000,000 |
| سال کا منافع | - | **86,714** | **86,714** |
| بینک دولت پاکستان کومنتقل کردہ منافع | - | **(86,714)** | **(86,714)** |
| 30جون2009ءکوبیلنس | **1,000,000** | **-** | **1,000,000** |

منسلکہ نوٹس1 تا21ان مالی گوشواروں کا جزو لاینفک ہیں۔

قاسم نواز
مینجنگ ڈائریکٹر

ریاض نذر علی
ڈائریکٹر اکاؤنٹس

# ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن
# نقد کے بہاؤ کا گوشوارہ
## 30 جون 2009ء

| | نوٹ | 2009ء | 2008ء |
|---|---|---|---|
| | | 000 روپے | |
| جاری سرگرمیوں سے نقد کا بہاؤ | | | |
| غیر نقد اشیا کی چھٹائی سے پہلے نقصان | 17 | **(1,914,706)** | (1,858,112) |
| بینک دولت پاکستان سے قابل وصولی اخراجات | | **4,077,801** | 3,454,262 |
| بینک دولت پاکستان کو منتقل کردہ منافع | | **(86,714)** | (79,739) |
| ریٹائرمنٹ کے فوائد اور ملازمین کی مع معاوضہ غیر حاضریوں کی ادائیگی | | **(652,477)** | (823,377) |
| ڈسکاؤنٹ آمدنی کی وصولی | | **81,363** | 76,461 |
| | | **1,505,267** | 769,495 |
| اثاثوں میں (اضافہ)/کمی | | | |
| ملازمین کو قرضے | | **(147,084)** | (2,274,492) |
| دیگر اثاثے | | **(9,944)** | (4,761) |
| اسٹاک بہ دست | | **(9,185)** | (4,937) |
| واجبات میں (کمی)/اضافہ | | | |
| دیگر واجبات | | **54,644** | (297,753) |
| جاری سرگرمیوں سے/(میں استعمال کردہ) خالص نقد | | **1,393,698** | (1,812,448) |
| سرمایہ کاری سرگرمیوں سے نقد بہاؤ | | | |
| معینہ سرمایہ اخراجات | | **(66,896)** | (86,376) |
| املاک اور آلات کی ڈسپوزل سے آمدنی | | **6,084** | 1,821 |
| سرمایہ کاری سرگرمیوں میں استعمال کردہ خالص نقد | | **(60,812)** | (84,555) |
| نقد اور نقد کے مساوی رقوم میں خالص اضافہ/(کمی) | | **1,332,886** | (1,897,003) |
| نقد اور نقد کے مساوی رقم، سال کے آغاز پر | | **2,369,636** | 4,266,639 |
| نقد اور نقد کے مساوی رقم، سال کے خاتمے پر | | **3,702,522** | 2,369,636 |

منسلکہ نوٹس 1 تا 21 ان مالی گوشواروں کا جزو لاینفک ہیں۔

قاسم نواز
منیجنگ ڈائریکٹر
ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن

ریاض نذر علی
ڈائریکٹر اکاؤنٹس

# ایس بی پی بی ایس سی کے مالی گوشواروں کے نوٹس
# 30 جون 2009ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے

**1 کارروائیوں کی حیثیت ونوعیت**

**1.1** ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (کارپوریشن)، ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن آرڈیننس 2001ء (آرڈیننس) کے تحت ایسے ذیلی ادارے کے طور پر بنائی گئی جس کی مکمل ملکیت بینک دولت پاکستان کے پاس ہے اور 2 جنوری 2002ء کو اس نے کام شروع کیا۔ کارپوریشن بینک دولت پاکستان کی طرف سے مختلف قانونی اور انتظامی سرگرمیاں انجام دینے کی ذمہ دار ہے، جو بینک دولت پاکستان نے آرڈیننس کے تحت اسے سونپی ہیں، بشمول:

- حکومت، بینکوں، مالی اداروں اور مقامی حکام کو قرضے دینا اور بین البینک چکتائی کے نظام کی سہولت فراہم کرنا،
- محاصل جمع کرنا اور حکومت، لوکل باڈیز، اتھارٹیز، کمپنیوں، بینکوں اور دیگر مالی اداروں کے لیے اور ان کی طرف سے ادائیگیاں کرنا اور کھاتے رکھنا،
- بینک نوٹوں اور سکوں کی وصولی، فراہمی اور تبادلہ،
- پرائز بانڈ اور حکومت کے دیگر بچت وثیقہ جات کی لین دین، اور
- قرضے اور زرمبادلہ کے انتظام سے متعلق کام۔

مندرجہ بالا سرگرمیوں سے براہ راست متعلق اثاثے، واجبات، آمدنی اور اخراجات بینک دولت پاکستان کے کھاتوں میں ظاہر کیے جاتے ہیں اور ان سرگرمیوں کی انجام دہی میں آنے والی لاگت بینک دولت پاکستان سے وصول کی جاتی ہے اور اگر اسے بینک دولت پاکستان کو منتقل یا اس سے وصول کیا جائے تو اخراجات میں سے منہا کردی جاتی ہے۔

**1.2** مالی گوشوارے پاکستانی روپے میں پیش کیے گئے ہیں جو گروپ کی فنکشنل اور پریزینٹیشن کرنسی ہے۔

**2 عملدرآمد کا بیان**

**2.1** یہ مالی گوشوارے بین الاقوامی اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز (آئی اے ایس) اور سرمایہ کاریوں سے متعلق پالیسی، جو کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے نوٹ نمبر 5.1 میں بیان کی گئی ہے، کی شقوں کے مطابق تیار کیے گئے ہیں۔ جہاں کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی پالیسیوں کی شقیں آئی اے ایس کی شقوں سے مختلف ہیں وہاں بورڈ کی پالیسیوں کی شقوں کو فوقیت حاصل ہوگی۔

**3 جانچ کی بنیاد**

یہ مالی گوشوارے تاریخی لاگت کے طریقے کے مطابق تیار کیے گئے ہیں۔

بین الاقوامی اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز 1 تا 38 اور سرمایہ کاریوں سے متعلق پالیسی، جو نوٹ نمبر 5.1 میں بیان کی گئی ہے، اور کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹر سے منظور شدہ ہے، کے مطابق مالی گوشواروں کی تیاری کے لیے ایسے تخمینے لگانے اور مفروضات قائم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے جو پالیسیوں کے اطلاق اور اثاثہ جات و واجبات پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ یہ تخمینے اور متعلقہ مفروضات تاریخی تجربات اور دیگر کئی عوامل پر مبنی ہیں جو دریں حالات معقول تصور کیے جاتے ہیں اور دوسرے ذرائع سے فوری طور پر دستیاب نہیں اور جن کا نتیجہ اثاثہ جات و واجبات، آمدنی و اخراجات کی مالیت کے بارے میں فیصلے کرنے کی بنیاد بنتا ہے۔ اصلی نتائج ان تخمینوں سے مختلف ہوسکتے ہیں۔ تخمینوں اور ان کے پس پشت مفروضات پر مسلسل نظر ثانی ہوتی رہتی ہے۔ اکاؤنٹنگ تخمینوں پر نظر ثانی صرف اس مدت میں شناخت کی جاتی ہے

جس میں کی جائے اگر نظر ثانی صرف اسی مدت پر اثر انداز ہو رہی ہو، یا نظر ثانی کی مدت یا آئندہ مدتوں میں شناخت کی جاتی ہے اگر نظر ثانی موجودہ اور آئندہ مدتوں پر اثر انداز ہو رہی ہو۔

کارپوریشن کی پالیسیوں کا اطلاق کرتے ہوئے انتظامیہ نے مندرجہ ذیل تخمینے لگائے اور فیصلے کیے ہیں جو مالی گوشواروں کے لیے اہم ہیں: (الف) سرمایہ کاریوں کی زمرہ بندی (نوٹ 6)، (ب) املاک اور آلات کی باقیماندہ قدر اور مفید زندگی کا تعین (نوٹ 8.1) (ج) بعد از روزگار فوائد کو پیش نظر رکھنا (نوٹ 16.1) اور (د) اثاثوں کی امپیرمنٹ۔

**4 اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز جو ابھی تک مؤثر یا متعلق نہیں**

مندرجہ ذیل اسٹینڈرڈز مذکورہ تاریخوں سے لاگو ہیں:

| اسٹینڈرڈ | تاریخ (اکاؤنٹنگ کی مدت اس تاریخ پر یا اس کے بعد شروع ہوئی) |
|---|---|
| آئی اے ایس-1 (نظر ثانی شدہ) مالی گوشواروں کی پیش کاری | یکم جنوری 2009ء |
| آئی اے ایس-23 (نظر ثانی شدہ) قرض گیری کی لاگت | یکم جنوری 2009ء |
| آئی اے ایس-32 (نظر ثانی شدہ) مالی گوشوارے | یکم جنوری 2009ء |

کارپوریشن کو توقع ہے کہ مندرجہ بالا اسٹینڈرڈز اختیار کرنے سے ابتدائی اطلاق کی مدت میں کارپوریشن کے مالی گوشواروں پر کوئی قابل ذکر اثر نہیں پڑے گا ماسوا آئی اے ایس 1 کے نتیجے میں مالی گوشواروں کی پیش کاری اور انکشافات میں کچھ تبدیلیوں اور ریا اضافے کے۔ نظر ثانی شدہ آئی اے ایس 1 ستمبر 2007ء میں جاری کیا گیا اور یکم جنوری 2009ء کو یا اس کے بعد شروع ہونے والے مالی سالوں میں مؤثر ہو رہا ہے۔

**5 اہم اکاؤنٹنگ پالیسیوں کا خلاصہ**

**5.1**

**سرمایہ کاریاں- محفوظ تاعرصیت**

کارپوریشن اپنی معینہ اور قابل تعین ادائیگیوں والے غیر ماخوذی مالی اثاثوں کو بطور محفوظ تاعرصیت رکھتی ہے۔ یہ فیصلہ کرنے میں کارپوریشن ایسی سرمایہ کاریوں کو عرصیت تک رکھنے سے متعلق اپنے ارادے اور اہلیت کو جانچتی ہے۔

وصول کردہ تمام سرمایہ کاریاں ابتدا میں اس لاگت کی بنیاد پر جانچی جاتی ہیں جو مناسب مالیت کے مطابق ہوتی ہے۔ سرمایہ کاریوں کی ابتدائی جانچ میں لین دین کی لاگت شامل کی جاتی ہے۔ ابتدائی جانچ کے بعد یہ تمسکات لاگت میں سے مجموعی امپیرمنٹ منہا کرکے ظاہر کی جاتی ہیں۔ ان تمسکات کی لاگت پوری میعاد پر خط مستقیم کی بنیاد پر پریمیم کو قسطوں میں تقسیم کرکے نکالی جاتی ہے۔

**5.2 ریٹائرڈ ملازمین کا فنڈ**

کارپوریشن نے ریٹائرڈ ملازمین کے لیے ایک اسکیم کی منظوری دی ہے جس کے تحت ایک ڈپازٹ اسکیم بنائی گئی ہے۔

ملازمین تین، پانچ یا دس سال کی میعادوں کے لیے ڈپازٹ کرسکتے ہیں۔ انہیں ایک سرمایہ کاری پاس بک دی جاتی ہے جس میں ان کی کنٹری بیوشن دکھائی جاتی ہے۔ اگر میعاد پوری ہونے پر ملازم رقم نہ نکالے تو اس کی پھر سرمایہ کاری کردی جاتی ہے۔

منافع کی ادائیگی ریٹائرڈ ملازمین کو ہر چھ ماہ بعد کمرشل بینکوں میں ان کے کھاتوں میں سروس چارجز اور ودہولڈنگ کی کٹوتی کر کے کی جاتی ہے۔ اگر میعاد سے پہلے ڈپازٹ نکال لیے جائیں تو منافع کی شرح ڈپازٹ کی اصل مدت پر لاگو ہونے والی شرح کے حساب سے معلوم کی جاتی ہے۔

### 5.3 املاک اور آلات

املاک اور آلات لاگت میں سے مجموعی گھسائی اور مجموعی امپیرمنٹ نقصانات منہا کر کے دکھائے جاتے ہیں۔ جاری تعمیراتی کام لاگت پر دکھایا جاتا ہے۔

املاک اور آلات پر گھسائی نفع ونقصان کھاتے میں خط مستقیم کے طریقے سے شامل کی جاتی ہے جس میں اثاثے کی لاگت/دوبارہ جانچی گئی مالیت جوان مالی گوشواروں کے نوٹ 8.1 میں درج شرحوں کے مطابق اس کی تخمین شدہ مفید زندگی سے زائد ہو، قلمزد کر دی جاتی ہے۔ بقیہ مالیت، مفید زندگی اور گھسائی کے طریقوں کی ہر بیلنس شیٹ کی تاریخ پر نظر ثانی اور ضروری ہو تو ترمیم کی جاتی ہے۔

اضافوں پر گھسائی نفع ونقصان کھاتے میں اس مہینے سے شامل کی جاتی ہے جب اثاثہ استعمال ہونا شروع ہوا ہو اور جس مہینے میں اثاثہ ختم ہو جائے یا ٹھکانے لگا دیا جائے اس مہینے گھسائی شامل نہیں کی جاتی۔ معمول کی مرمت اور دیکھ بھال کا خرچ جب ہو اس وقت نفع ونقصان کھاتے میں شامل کیا جاتا ہے۔ بڑی تبدیلی اور بہتری کی صورت میں بدلے جانے والے اثاثے ہٹا دیے جاتے ہیں۔ متعینہ اثاثوں کو ٹھکانے لگانے پر ہونے والے فوائد اور نقصانات نفع ونقصان کھاتے میں شامل کیے جاتے ہیں۔

### 5.4 اسٹاک

اسٹاک میں دوائیں، اسٹور اور اسٹیشنری شامل ہیں۔ انہیں بہ وزن اوسط لاگت اور خالص قابل حصول مالیت میں سے اس رقم پر ظاہر کیا جاتا ہے جو کمتر ہو۔ خالص قابل حصول مالیت روزمرہ کاروبار میں تخمین شدہ قیمت فروخت میں سے تکمیل کی تخمین شدہ لاگت اور فروخت کرنے کے لیے ضروری تخمین شدہ لاگت منہا کر کے نکالی جاتی ہے۔

### 5.5 تموین

تموین اس وقت شناخت کی جاتی ہے جب کارپوریشن ماضی کے واقعات کے نتیجے میں کوئی موجودہ قانونی یا مضمر ذمہ داری رکھتی ہے۔ امکان یہ ہے کہ ذمہ داری پوری کرنے کے لیے وسائل کا استعمال ضروری ہوگا اور اس رقم کا کوئی قابل اعتبار تخمینہ لگایا جا سکتا ہے۔

### 5.6 اسٹاف ریٹائرمنٹ کے فوائد

کارپوریشن بینک دولت پاکستان سے تبادلہ ہو کر آنے والے ملازمین (تبادلہ شدہ ملازمین) اور دیگر ملازمین کے لیے مندرجہ ذیل کا انتظام چلاتی ہے:

(الف) ایک غیر فنڈ کنٹری بیوٹری پراویڈنٹ فنڈ (پرانی اسکیم)، ان تبادلہ شدہ ملازمین کے لیے جو 1975ء سے پہلے بینک دولت پاکستان کی ملازمت میں آئے اور پرانی اسکیم میں رہنے کو ترجیح دی۔

(ب) ایک غیر فنڈ جنرل کنٹری بیوٹری پراویڈنٹ فنڈ (نئی اسکیم) جو 1975ء کے بعد بینک دولت پاکستان کی ملازمت میں آنے والے تمام اور 1975ء سے پہلے بینک دولت پاکستان کی ملازمت میں آنے والے ان ملازمین کے لیے ہے جنہوں نے نئی اسکیم کو اختیار کیا۔

(ج) مندرجہ ذیل دیگر ریٹائرمنٹ بینی فٹ اسکیمیں:

- ایک غیر فنڈ گریچویٹی اسکیم تمام ملازمین کے لیے سوائے ان کے جنہوں نے نئی جنرل پراویڈنٹ اسکیم کو اختیار کیا یا وہ تبادلہ شدہ ملازمین جنہوں نے 1975ء کے بعد

بینک دولت پاکستان میں شمولیت اختیار کی اور صرف پنشن اسکیم بنی فٹس کے حقدار ہیں۔

- ایک غیر فنڈ پنشن اسکیم۔
- ایک غیر فنڈ کنٹری بیوٹری بنی وولنٹ فنڈ اسکیم، اور
- ایک غیر فنڈ پوسٹ ریٹائرمنٹ میڈیکل بنی فٹ اسکیم۔

ایکچو ئیریل سفارشات پر مبنی ان اسکیموں کے تحت آنے والی ذمہ داریوں کے لیے کارپوریشن سالانہ تموین رکھتی ہے۔ ایکچو ئیریل جانچ پروجیکٹ یونٹ کریڈٹ طریقے سے کی جاتی ہے۔ جانچ کی تاریخ پر غیر شناخت شدہ ایکچو ئیریل فوائد اور نقصانات ایکچو ئیریل سفارشات کی بنیاد پر اگلے سال آمدنی رخرچ کے طور پر شناخت کیے جاتے ہیں۔ مندرجہ بالا اسٹاف ریٹائرمنٹ فوائد ملازمت کی مقررہ مدت پوری ہونے پر واجب الادا ہوتے ہیں۔

### 5.7 مع معاوضہ غیرحاضری

کارپوریشن ملازمین کی مع معاوضہ غیر حاضریوں کے واجبات کی مد میں ایکچو ئیریل تخمینوں کی بنیاد پر سالانہ تموین کرتی ہے۔

### 5.8 محاصل کی شناخت

محاصل کی شناخت میعادی تناسب کی بنیاد پر کی جاتی ہے جس میں اثاثے پر مؤثر یافت کو ملحوظ رکھا جاتا ہے۔

### 5.9 ٹیکسیشن

کارپوریشن کی آمدنی ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن آرڈیننس 2001ء کی شق 25 کے تحت ٹیکس سے مستثنیٰ ہے۔

### 5.10 نقد اور نقد کے مساوی رقوم

نقد میں نقد بہ دست اور بینک دولت پاکستان کے کرنٹ اکاؤنٹ کا بیلنس شامل ہیں۔ نقد کے مساوی رقوم قلیل مدتی اور بہت سیال سرمایہ کاریاں ہیں جو فوری طور پر نقد کی صورت میں لائی جاسکیں اور جن کی قدر میں کوئی خاص تبدیلی نہ ہو۔

### 5.11 مالی وثیقہ جات

مالی اثاثہ جات وواجبات اس وقت شناخت کیے جاتے ہیں جب کارپوریشن وثیقے کی معاہداتی شقوں میں فریق بن جاتی ہے۔ جب کارپوریشن کسی مالی اثاثے کے معاہداتی حقوق کھودیتی ہے تو مالی اثاثے کو عدم شناخت کرتی ہے۔ جب کوئی واجبہ ختم، منسوخ یا فنا ہوجاتا ہے تو کارپوریشن اسے عدم شناخت کرتی ہے۔ مالی اثاثہ جات وواجبات کی عدم شناخت پر کوئی فائدہ یا نقصان نفع ونقصان کھاتے میں شامل کیا جاتا ہے۔

بیلنس شیٹ پر لائے جانے والے وثیقوں میں بینک دولت پاکستان میں کرنٹ اکاؤنٹ، سرمایہ کاریاں، قرضے، دیگر اثاثے اور دیگر واجبات شامل ہیں۔ شناخت اور جانچ کے طریقے ہر مالی وثیقے سے متعلق پالیسی بیانات میں الگ الگ بیان کیے گئے ہیں۔

### 5.12 تلافی

مالی اثاثہ اور مالی واجبہ کی تلافی ہوتی ہے اور خالص رقم بیلنس شیٹ میں دکھائی جاتی ہے جب کارپوریشن کو کوئی شناخت شدہ رقم کو چکانے کا حق ہو اور وہ خالص بنیاد پر چکانے یا بیک وقت اثاثے کو حاصل کرنے اور واجبے کو چکانے کا ارادہ رکھتا ہو۔

**5.13 امپیرمنٹ**

اثاثوں کی موجودہ مالیت پر ہر بیلنس شیٹ کی تاریخ پر نظر ثانی کر کے تعین کیا جاتا ہے کہ آیا کسی اثاثے یا اثاثہ جات کے گروپ میں امپیرمنٹ کی کوئی علامت ہے۔ اگر ہے تو ایسے اثاثوں کی قابل وصولی رقم کا تخمینہ لگایا جاتا ہے اور امپیرمنٹ نقصانات نفع و نقصان کھاتے میں دکھائے جاتے ہیں۔

امپیرمنٹ کے لیے تموین پر ہر بیلنس شیٹ کی تاریخ پر نظر ثانی کی جاتی ہے اور اسے ترمیم کر کے موجودہ درست ترین تخمینے دکھائے جاتے ہیں۔ تموین میں تبدیلیوں کو نفع و نقصان کھاتے میں شناخت کیا جاتا ہے۔

| **6 سرمایہ کاریاں** | نوٹ | **2009ء** | 2008ء |
|---|---|---|---|
| | | **000روپے** | |
| **محفوظ تا عرصیت** | | | |
| مارکیٹ ٹریژری بلز | 6.1 | **509,000** | 509,000 |
| پاکستان انوسٹمنٹ بانڈز | 6.2 | **404,252** | 408,533 |
| | | **913,252** | 917,533 |

**6.1** مارکیٹ ٹریژری بلز پر مارک اپ 11.78 فیصد سالانہ (2008ء: 10.1 فیصد سالانہ) ہے اور یہ مارچ 2010ء میں عرصیت پوری کریں گے۔

**6.2** پاکستان انوسٹمنٹ بانڈز پر مارک اپ 8.0 سے 9.6 فیصد سالانہ (2008ء: 8.0 سے 9.6 فیصد سالانہ) ہے اور یہ 2016ء میں عرصیت پوری کریں گے۔

| **7 ملازمین کے قرضے** | نوٹ | **2009ء** | 2008ء |
|---|---|---|---|
| | | **000روپے** | |
| اچھے قرضے | | **7,928,445** | 7,781,361 |
| مشکوک قرضے | | **13,584** | 12,382 |
| | 7.1 | **7,942,029** | 7,793,743 |
| مشکوک قرضوں پر تموین | | **(13,584)** | (12,382) |
| | | **7,928,445** | 7,781,361 |

7.1 اس میں کارپوریشن کے مستقل ملازمین کو دیے گئے قرضے شامل ہیں جو ملازم کی ریٹائرمنٹ تک مساوی ماہانہ اقساط میں وصول کیے جاتے ہیں، ماسوا پرسنل لون کے جو چوبیس مساوی ماہانہ اقساط میں وصول کیا جاتا ہے۔ ان میں 108.313 ملین روپے کے قرضے شامل ہیں جن پر 10 فیصد سالانہ مارک اپ ہے۔ اس قرضے کی زیادہ سے زیادہ عرصیت 2038ء تک ہے۔

یہ قرضے ان مدوں میں دیے گئے ہیں:

- مکان کا قرضہ، جو مساوی مالیت کی جائیداد کو رہن رکھ کر دیا جاتا ہے۔
- گاڑی کا قرضہ، جو گاڑی کے مساوی رہن پر دیا جاتا ہے۔
- کمپیوٹر اور پرسنل لون، جو کارپوریشن کے دو ملازمین کی ذاتی ضمانت پر دیا جاتا ہے۔

**8 املاک اور آلات**

| | نوٹ | **2009ء** | 2008ء |
|---|---|---|---|
| | | **000 روپے** | |
| جاری معینہ اثاثے | 8.1 | **183,510** | 180,551 |
| جاری تعمیراتی کام | | **-** | 3,116 |
| | | **183,510** | 183,667 |

**8.1 جاری معینہ اثاثے**

جاری معینہ اثاثوں کا گوشوارہ مندرجہ ذیل ہے:

| **2009ء** | **لاگت**<br>**یکم جولائی 2008ء** | **جمع/(تفریق)/کمی بیشی اور منتقلیاں*** | **30 جون 2009ء** | **مجموعی گھسائی**<br>**یکم جولائی 2008ء** | **سال کا چارج/(تفریق)/کمی بیشی اور منتقلیاں*** | **30 جون 2009ء** | **30 جون 2009ء کو خالص بک ویلیو** | **گھسائی کی سالانہ شرح** |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | **000 روپے** | | | | |
| فرنیچر اور فکسچر | **87,817** | **4,426**<br>**(1,101)**<br>**6,592** | **97,734** | **36,403** | **8,649**<br>**(387)**<br>**6,592*** | **51,257** | **46,477** | **10** |
| دفتری سامان | **383,510** | **41,295**<br>**(4,108)**<br>**243,173** | **663,870** | **287,075** | **37,244**<br>**(3,605)**<br>**242,029*** | **562,743** | **101,127** | **20** |
| کمپیوٹر کا سامان | **229,058** | **10,861**<br>**(4,258)**<br>**24,050** | **259,711** | **209,680** | **13,352**<br>**(3,728)**<br>**24,050*** | **243,354** | **16,357** | **33.33** |
| گاڑیاں | **35,370** | **12,286**<br>**(5,694)**<br>**3,734** | **45,696** | **22,046** | **5,620**<br>**(5,253)**<br>**3,734** | **26,147** | **19,549** | **20** |
| | **735,755** | **68,868**<br>**(15,161)**<br>**277,549** | **1,067,011** | **555,204** | **64,865**<br>**(12,973)**<br>**276,405** | **883,501** | **183,510** | |

2008ء

| | لاگت | | | مجموعی گھسائی | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | یکم جولائی 2007ء | جمع/(تفریق)/کمی بیشی اور منتقلیاں* | 30 جون 2008ء | یکم جولائی 2007ء | سال کا چارج/(تفریق) کمی بیشی اور منتقلیاں* | 30 جون 2008ء | 30 جون 2008ء کو خالص بک ویلیو | گھسائی کی سالانہ شرح |
| | | | | 000روپے | | | | |
| فرنیچر اور فکسچر | 73,966 | 15,083 | 87,817 | 30,946 | 6,981 | 36,403 | 51,414 | 10 |
| | | (1,193) | | | (1,193) | | | |
| | | (39) | | | *(331) | | | |
| دفتری سامان | 333,172 | 45,271 | 383,510 | 245,595 | 30,962 | 287,075 | 96,435 | 20 |
| | | (1,255) | | | (1,036) | | | |
| | | 6,322 | | | *11,554 | | | |
| کمپیوٹر کا سامان | 202,561 | 11,892 | 229,058 | 168,408 | 34,925 | 209,680 | 19,378 | 33.33 |
| | | (150) | | | (136) | | | |
| | | 14,755 | | | *6,483 | | | |
| گاڑیاں | 29,449 | 7,692 | 35,370 | 18,993 | 4,770 | 22,046 | 13,324 | 20 |
| | | (1,609) | | | (1,565) | | | |
| | | (162) | | | *(152) | | | |
| | 639,148 | 79,938 | 735,755 | 463,942 | 77,638 | 555,204 | 180,551 | |
| | | (4,207) | | | (3,930) | | | |
| | | 20,876 | | | 17,554 | | | |

## 9 اسٹاک بہ دست

| | **2009ء** | 2008ء |
|---|---|---|
| | **000روپے** | |
| دوائیں، اسٹورز اور اسٹیشنری کا اسٹاک | **84,345** | 76,765 |
| پرانے سامان پر تموین | **(2,354)** | (3,959) |
| | **81,991** | 72,806 |

## 10 دیگر اثاثے

| | **2009ء** | 2008ء |
|---|---|---|
| | **000روپے** | |
| جمع شدہ سود/مارک اپ اور منافع | **25,216** | 15,459 |
| دیگر قرضے، امانتیں اور پیشگی ادائیگیاں | **21,821** | 21,634 |
| | **47,037** | 37,093 |

## 11 مؤخر واجبات-اسٹاف ریٹائرمنٹ کے فوائد

| | 2009ء | 2008ء |
|---|---|---|
| | 000 روپے | |
| گریچویٹی | **32,371** | 37,821 |
| پنشن | **6,586,470** | 5,798,287 |
| بنی وولنٹ فنڈ اسکیم | **769,852** | 709,988 |
| بعداز ریٹائرمنٹ میڈیکل فوائد | **1,286,508** | 882,133 |
| | **8,675,201** | 7,428,229 |
| پراویڈنٹ فنڈ اسکیم | **916,129** | 815,984 |
| | **9,591,330** | 8,244,213 |

## 12 دیگر واجبات

| | | 2009ء | 2008ء |
|---|---|---|---|
| جمع شدہ اور تموین | 12.1 | **1,879,337** | 1,839,457 |
| دیگر | | **386,090** | 278,426 |
| | | **2,265,427** | 2,117,883 |

## 12.1 جمع شدہ اور تموین

| | 2009ء | 2008ء |
|---|---|---|
| ملازمین کی مع معاوضہ غیر حاضری کی تموین | **1,879,337** | 1,786,437 |
| دیگر | **-** | 53,020 |
| | **1,879,337** | 1,839,457 |

## 13 سرمایہ حصص

| 2009ء | 2008ء | | 2009ء | 2008ء |
|---|---|---|---|---|
| حصص کی تعداد | | | | |
| | | **مجاز سرمایہ حصص** | | |
| **1000** | 1000 | 1,000,000 روپے فی شیئر کے عام حصص | **1,000,000** | 1,000,000 |
| | | **جاری کردہ، سبسکرائب کردہ اور اداشدہ سرمایہ** | | |
| | | 1,000,000 فی شیئر کے نقد کے عوض مکمل اداشدہ عام حصص | **1,000,000** | 1,000,000 |

## 14 وعدے

| | 2009ء | 2008ء |
|---|---|---|
| | '000' روپے | |
| سرمائے کے وعدے | **7,110** | - |

یہ وہ رقم ہے جس کا کارپوریشن نے کامیاب بولی دہندگان سے اثاثے خریدنے کا وعدہ کیا ہے۔

## 15 مکسوبہ ڈسکاؤنٹ اور سود

| | 2009ء | 2008ء |
|---|---|---|
| | 000 روپے | |
| حکومتی تمسکات پر ڈسکاؤنٹ | **81,363** | 76,461 |
| اسٹاف لون پر سود | **1,455** | 1,734 |
| | **82,818** | 78,195 |

## 16 خالص جاری اخراجات

| | نوٹ | 2009ء | 2008ء |
|---|---|---|---|
| | | 000 روپے | |
| بینک دولت پاکستان سے قابل وصولی | | | |
| تنخواہیں، اجرتیں اور دیگر فوائد | | **3,478,919** | 2,918,933 |
| کرایہ اور ٹیکس | | **8,577** | 8,254 |
| بیمہ | | **2,605** | 1,537 |
| بجلی، گیس اور پانی | | **170,107** | 133,677 |
| مرمت اور دیکھ بھال | | **19,385** | 16,929 |
| آڈیٹرز کا معاوضہ | 16.6 | **4,570** | 3,030 |
| قانونی اور پیشہ ورانہ | | **10,233** | 3,193 |
| سفر | | **7,325** | 5,832 |
| روزمرہ اخراجات | | **11,792** | 9,443 |
| محصولات سفر | | **84,334** | 90,755 |
| ایندھن | | **1,994** | 1,682 |
| کرایہ آمدورفت | | **4,483** | 5,588 |
| ڈاک اور فون | | **11,624** | 9,760 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تربیت | | **21,622** | 13,812 |
| خزانے کی ترسیل | | **33,059** | 27,743 |
| اسٹیشنری | | **9,219** | 7,938 |
| کتابیں اور اخبارات | | **1,332** | 1,415 |
| اشتہارات | | **1,748** | 1,564 |
| بینک گارڈز | | **68,355** | 57,988 |
| وردیاں | | **14,487** | 12,810 |
| دیگر | | **47,166** | 44,741 |
| | | **4,012,936** | 3,376,624 |
| **بینک دولت پاکستان کو مختص** | | | |
| ریٹائرمنٹ فوائد اور ملازمین کی مع معاوضہ غیر حاضری | | **2,165,258** | 1,512,485 |
| گھسائی | 8.1 | **64,865** | 77,638 |
| | | **2,230,123** | 1,590,123 |
| | | **6,243,059** | 4,966,747 |

**16.1** جیسا کہ نوٹ 5.6 میں کہا گیا کارپوریشن مندرجہ ذیل اسٹاف ریٹائرمنٹ فوائد اسکیمیں چلاتی ہے:

- ایک غیر فنڈ گریجویٹی اسکیم تمام ملازمین کے لیے سوائے ان کے جنہوں نے نئی جنرل پراویڈنٹ اسکیم کو اختیار کیا یا وہ تبادلہ شدہ ملازمین جنہوں نے 1975ء کے بعد بینک دولت پاکستان میں شمولیت اختیار کی اور صرف پنشن اسکیم بینی فٹس کے حقدار ہیں۔
- ایک غیر فنڈ پنشن اسکیم۔
- ایک غیر فنڈ کنٹری بیوٹری بینی وولنٹ فنڈ اسکیم، اور
- ایک غیر فنڈ پوسٹ ریٹائرمنٹ میڈیکل بینی فٹ اسکیم۔

سال کے دوران کارپوریشن نے 4 ستمبر 2009ء کی رپورٹ میں تمام مندرجہ بالا اسکیموں کی پروجیکٹ یونٹ کریڈٹ طریقے سے ایکچوئیریل جانچ کرائی ہے۔ 30 جون 2009ء کو ان اسکیموں کی جانچ کے لیے مندرجہ ذیل اہم مفروضات استعمال کیے گئے ہیں:

| | **2009ء** | 2008ء |
|---|---|---|
| | **فیصد سالانہ** | |
| تنخواہوں کی سطح میں متوقع اضافہ | **11** | 10 |
| ڈسکاؤنٹ کی متوقع شرح | **13** | 12 |
| میڈیکل لاگت کا رجحان | **8** | 7 |
| پنشن انڈیکسیشن ریٹ | **5** | 4 |

**16.2** ذیل میں اسکیموں کے تحت ذمہ داریوں اور ملازمین کی ماضی کی ملازمت پر تازہ ترین تاریخ پر شناخت کردہ واجبات کی مناسب مالیتیں دی گئی ہیں۔

**2009ء**

| | مقررہ بینی فٹ ذمہ داری کی موجودہ مالیت | غیر شناخت شدہ ایکچو ئیریل فائدہ/(نقصان) | ریٹائرمنٹ فوائد کی تموین |
|---|---|---|---|
| | | 000روپے | |
| گریچویٹی | **38,039** | **(5,668)** | **32,371** |
| پنشن | **8,951,904** | **(2,365,434)** | **6,586,470** |
| بنی وولنٹ فنڈ اسکیم | **916,147** | **(146,295)** | **769,852** |
| بعد از ریٹائرمنٹ میڈیکل فوائد | **2,790,980** | **(1,504,472)** | **1,286,508** |
| | **12,697,070** | **(4,021,869)** | **8,675,201** |

2008ء

| | مقررہ بینی فٹ ذمہ داری کی موجودہ مالیت | غیر شناخت شدہ ایکچو ئیریل فائدہ/(نقصان) | ریٹائرمنٹ فوائد کی تموین |
|---|---|---|---|
| | | 000روپے | |
| گریچویٹی | 43,066 | 5,245 | 37,821 |
| پنشن | 6,679,812 | 881,525 | 5,798,287 |
| بنی وولنٹ فنڈ اسکیم | 761,325 | 51,337 | 709,988 |
| بعد از ریٹائرمنٹ میڈیکل فوائد | 2,315,481 | 1,433,348 | 882,133 |
| | 9,799,684 | 2,371,455 | 7,428,229 |

**16.3** مندرجہ بالا مقررہ بینی فٹ اسکیموں کے خالص شناخت شدہ واجبات کی تبدیلی ذیل میں دی گئی ہے:

**2009ء**

| | 30 جون 2008ء کو شناخت شدہ واجبہ | سال میں تبدیلی | دوران سال ادائیگی | ملازم کی کنٹری بیوشن | 30 جون 2009ء کو شناخت شدہ واجبہ |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | 000روپے | | |
| گریچویٹی | **37,821** | **8,777** | **(14,227)** | **-** | **32,371** |
| پنشن | **5,798,287** | **1,167,465** | **(379,282)** | **-** | **6,586,470** |
| بنی وولنٹ فنڈ اسکیم | **709,988** | **120,380** | **(71,700)** | **11,184** | **769,852** |
| بعد از ریٹائرمنٹ میڈکل فوائد | **882,133** | **494,978** | **(90,603)** | **-** | **1,286,508** |
| | **7,428,229** | **1,791,600** | **(555,812)** | **11,184** | **8,675,201** |

| | 30 جون 2007ء کو شناخت شدہ واجبہ | سال میں تبدیلی | دوران سال ادائیگی | ملازم کی کنٹری بیوشن | 30 جون 2008ء کو شناخت شدہ واجبہ |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | 2008ء | | |
| | | | 000روپے | | |
| گریچویٹی | 43,000 | 5,889 | (11,068) | - | 37,821 |
| پنشن | 5,391,000 | 789,965 | (382,678) | - | 5,798,287 |
| بنی وولنٹ فنڈ اسکیم | 699,000 | 92,263 | (92,381) | 11,106 | 709,988 |
| بعد از ریٹائرمنٹ میڈیکل فوائد | 672,000 | 294,810 | (84,677) | - | 882,133 |
| | 6,805,000 | 1,182,927 | (570,804) | 11,106 | 7,428,229 |

**16.4** مندرجہ بالا فوائد کی مدوں میں مندرجہ ذیل رقوم نفع ونقصان کھاتے میں دکھائی گئی ہیں۔

| | موجودہ ملازمت کی لاگت | ایکچو یئریل (فائدہ)/نقصان | سودی لاگت | چکتائی کی لاگت | ملازم کی کنٹری بیوشنز | مجموعی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | **2009ء** | | | |
| | | | **000روپے** | | | |
| گریچویٹی | **986** | **2,623** | **5,168** | **-** | **-** | **8,777** |
| پنشن | **277,735** | **88,153** | **801,577** | **-** | **-** | **1,167,465** |
| بنی وولنٹ فنڈ اسکیم | **35,071** | **5,134** | **91,359** | **-** | **(11,184)** | **120,380** |
| بعد از ریٹائرمنٹ میڈیکل فوائد | **97,674** | **119,446** | **277,858** | **-** | **-** | **494,978** |
| | **411,466** | **215,356** | **1,175,962** | **-** | **(11,184)** | **1,791,600** |

| | موجودہ ملازمت کی لاگت | ایکچو یئریل (فائدہ)/نقصان | سودی لاگت | چکتائی کی لاگت | ملازم کی کنٹری بیوشنز | مجموعی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 2008ء | | | |
| | | | 000روپے | | | |
| گریچویٹی | 1,094 | 94 | 4,701 | - | - | 5,889 |
| پنشن | 219,489 | (10,211) | 580,687 | - | - | 789,965 |
| بنی وولنٹ فنڈ اسکیم | 31,815 | (2,442) | 73,996 | - | (11,106) | 92,263 |
| بعد از ریٹائرمنٹ میڈیکل فوائد | 62,830 | 68,140 | 163,840 | - | - | 294,810 |
| | 315,228 | 55,581 | 823,224 | - | (11,106) | 1,182,927 |

### 16.5 تاریخی معلومات

| | 2009ء | 2008ء | 2007ء | 2006ء | 2005ء |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | 000روپے | | |
| **گریجویٹی** | | | | | |
| مقررہ بینی فٹ ذمہ داری کی موجودہ مالیت | **38,039** | 43,066 | 43,000 | 58,000 | 74,000 |
| غیر شناخت شدہ ایکچو ئیریل فائدہ/(نقصان) | **(5,668)** | (5,245) | - | 7,000 | (3,000) |
| بیلنس شیٹ میں واجبہ | **32,371** | 37,821 | 43,000 | 65,000 | 71,000 |
| پلان کے واجبات کے فائدے/(نقصان) پر ایکسپیرئنس ایڈجسٹمنٹ | **3,046** | 5,058 | 4,211 | (8,246) | 16,046 |
| **پنشن** | | | | | |
| مقررہ بینی فٹ ذمہ داری کی موجودہ مالیت | **8,951,904** | 6,679,812 | 5,279,000 | 5,009,000 | 4,765,000 |
| غیر شناخت شدہ ایکچو ئیریل فائدہ/(نقصان) | **(2,365,434)** | (881,525) | 112,000 | (6,000) | (329,000) |
| بیلنس شیٹ میں واجبہ | **6,586,470** | 5,798,287 | 5,391,000 | 5,003,000 | 4,436,000 |
| پلان کے واجبات کے فائدے/(نقصان) پر ایکسپیرئنس ایڈجسٹمنٹ | **1,572,062** | 983,638 | (117,735) | (295,654) | 281,000 |
| **بینی وولنٹ فنڈ اسکیم** | | | | | |
| مقررہ بینی فٹ ذمہ داری کی موجودہ مالیت | **916,147** | 761,325 | 673,000 | 710,000 | 627,000 |
| غیر شناخت شدہ ایکچو ئیریل فائدہ/(نقصان) | **(146,295)** | (51,337) | 26,000 | 5,000 | - |
| بیلنس شیٹ میں واجبہ | **769,852** | 709,988 | 699,000 | 715,000 | 627,000 |
| پلان کے واجبات کے فائدے/(نقصان) پر ایکسپیرئنس ایڈجسٹمنٹ | **100,092** | 75,755 | (22,303) | (5,845) | (6,000) |
| **میڈیکل** | | | | | |
| مقررہ بینی فٹ ذمہ داری کی موجودہ مالیت | **2,790,980** | 2,315,481 | 1,489,000 | 1,204,000 | 806,000 |
| غیر شناخت شدہ ایکچو ئیریل فائدہ/(نقصان) | **(1,504,472)** | (1,433,348) | (817,000) | (765,000) | (529,000) |
| بیلنس شیٹ میں واجبہ | **1,286,508** | 882,133 | 672,000 | 439,000 | 277,000 |
| پلان کے واجبات کے فائدے/(نقصان) پر ایکسپیرئنس ایڈجسٹمنٹ | **190,570** | 683,802 | 165,511 | 276,001 | 279,000 |

### 16.6 ملازمین کی مع معاوضہ غیر حاضری

دوران سال ملازمین کی مع معاوضہ غیر حاضریوں کی 30 جون 2009ء کو ایکچو ئیریل جانچ پروجیکٹ یونٹ کریڈٹ طریقے سے کی گئی ہے۔ دوران سال ادائیگیوں کی کٹوتی کے بعد 92.9 ملین روپے چارج کیے گئے ہیں جبکہ 2008ء میں 104.437 ملین روپے چارج کیے گئے تھے۔

**16.7 آڈیٹرز کا معاوضہ**

| | ایم یوسف عادل سلیم اینڈ کو | ارنسٹ اینڈ ینگ فورڈ روڈز سیدات حیدر | 2009ء | 2008ء |
|---|---|---|---|---|
| | | 000روپے | | |
| آڈٹ فیس | **1,571** | **1,571** | **3,142** | 2,530 |
| جیب سے ہونے والا خرچ | **714** | **714** | **1,428** | 500 |
| | **2,285** | **2,285** | **4,570** | 3,030 |

**17 غیر نقد اشیا کی چکتائی سے پہلے نقصان**

| | 2009ء | 2008ء |
|---|---|---|
| | | 000روپے |
| سال کا خالص منافع | **86,714** | 79,739 |
| بینک دولت پاکستان کے ادا کردہ اخراجات | **(4,012,936)** | (3,376,624) |
| بینک دولت پاکستان کو مختص اخراجات | **(2,230,123)** | (1,590,123) |
| | **(6,156,345)** | (4,887,008) |
| چکتائی برائے: | | |
| ریٹائرمنٹ فوائد اور ملازمین کی مع معاوضہ غیر حاضری کی تموین | **2,092,494** | 1,512,485 |
| بینک دولت پاکستان کو مختص اخراجات | **2,230,123** | 1,590,123 |
| حکومتی تمسکات پر ڈسکاؤنٹ | **(81,363)** | (76,461) |
| پریمیم کی اقساط | **4,281** | 4,293 |
| املاک اور آلات کی ڈسپوزل پر فائدہ | **(3,896)** | (1,544) |
| | **4,241,639** | 3,028,896 |
| | **(1,914,706)** | (1,858,112) |

**18 انتظام خطر پالیسیاں**

کارپوریشن کو سود/مارک اپ کی شرح، قرضوں، کرنسی اور سیالیت کے خطرات درپیش رہتے ہیں۔ ان خطرات سے نمٹنے کی پالیسیوں اور طریقہ کار کو نوٹس 18.1 تا 18.5 میں دیا گیا ہے۔ کارپوریشن نے ان خطرات کی نشاندہی، نگرانی اور انتظام چلانے کے لیے کنٹرولز کا ایک فریم ورک وضع کیا اور اس پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ ان خطرات کی نگرانی اور انتظام کے بارے میں گورنر کو مشورے دینے کی ذمہ داری سینئر انتظامیہ کی ہے۔

**18.1 شرح سود/ مارک اپ کا خطرہ**

ایسا خطرہ ہوتا ہے جس میں منڈی کی شرح سود/مارک اپ میں ہونے والی تبدیلیوں کے نتیجے میں مالی وثیقے کی قدر میں تغیر آتا ہے۔ کارپوریشن نے اس خطرے کے انکشاف کو کم

سے کم کرنے کے لیے مناسب پالیسیاں اختیار کی ہیں۔ کارپوریشن کی انتظامیہ، مرکزی بورڈ اور سرمایہ کاری کمیٹی نے دورانیے کی موزوں حدود متعین کی ہیں اور ایک علیحدہ شعبہ ان حدود کی بنیاد پر کارپوریشن کے سود/مارک اپ ریٹ کے خطرے کی نگرانی کرتا ہے۔

**2009ء**

| | سودی/مارک اپ | | | غیر سودی/مارک اپ | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | **ایک سال تک عرصیت** | **ایک سال بعد عرصیت** | **ذیلی میزان** | **ایک سال تک عرصیت** | **ایک سال بعد عرصیت** | **ذیلی میزان** | **میزان** |
| | | | | **000روپے** | | | |
| **مالی اثاثے** | | | | | | | |
| بینک دولت پاکستان کے کرنٹ اکاؤنٹ میں بیلنس | **-** | **-** | **-** | **3,702,522** | **-** | **3,702,522** | **3,702,522** |
| سرمایہ کاریاں | **509,000** | **404,252** | **913,252** | **-** | **-** | **-** | **913,252** |
| ملازمین کے قرضے | **15,168** | **93,145** | **108,313** | **797,832** | **7,022,300** | **7,820,132** | **7,928,445** |
| دیگر اثاثے | **-** | **-** | **-** | **25,216** | **-** | **25,216** | **25,216** |
| | **524,168** | **497,397** | **1,021,565** | **4,525,570** | **7,022,300** | **11,547,870** | **12,569,435** |
| **مالی واجبات** | | | | | | | |
| دیگر واجبات | **-** | **-** | **-** | **386,090** | **-** | **386,090** | **386,090** |
| | **-** | **-** | **-** | **386,090** | **-** | **386,090** | **386,090** |
| **بیلنس شیٹ میں موجود فرق** | **524,168** | **497,397** | **1,021,565** | **4,139,480** | **7,022,300** | **11,161,780** | **12,183,345** |

2008ء

| | سودی/مارک اپ | | | غیر سودی/مارک اپ | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ایک سال تک عرصیت | ایک سال بعد عرصیت | ذیلی میزان | ایک سال تک عرصیت | ایک سال بعد عرصیت | ذیلی میزان | میزان |
| | | | | **000روپے** | | | |
| **مالی اثاثے** | | | | | | | |
| بینک دولت پاکستان کے کرنٹ اکاؤنٹ میں بیلنس | - | - | - | 2,369,636 | - | 2,369,636 | 2,369,636 |
| سرمایہ کاریاں | 509,000 | 408,533 | 917,533 | - | - | - | 917,533 |
| ملازمین کے قرضے | 23,655 | 102,506 | 126,161 | 662,348 | 6,992,852 | 7,655,200 | 7,781,361 |
| دیگر اثاثے | - | - | - | 15,459 | - | 15,459 | 15,459 |
| | 532,655 | 511,039 | 1,043,694 | 3,047,443 | 6,992,852 | 10,040,295 | 11,083,989 |
| **مالی واجبات** | | | | | | | |
| دیگر واجبات | - | - | - | 331,446 | - | 331,446 | 331,446 |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | - | - | - | 331,446 | - | 331,446 | 331,446 |
| بیلنس شیٹ میں موجود فرق | 532,655 | 511,039 | 1,043,694 | 2,715,997 | 6,992,852 | 9,708,849 | 10,752,543 |

**18.2** زری مالی اثاثوں اور واجبات پر سود/مارک اپ مالی گوشواروں کے متعلقہ نوٹس میں ظاہر کیا گیا ہے۔

**18.3 خطرہ قرض کا انتظام**

خطرہ قرض وہ خطرہ ہوتا ہے جس میں مالی وثیقے میں شامل ایک فریق اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام ہوجائے اور اس کے نتیجے میں دوسرے فریق کو مالی نقصان اٹھانا پڑے۔ کارپوریشن کی انتظامیہ سمجھتی ہے کہ اسے کسی خاص خطرۂ قرض کا سامنا نہیں۔ ملازمین کے قرضوں کی ضمانت کارپوریشن کے پاس ملکیتی دستاویزات جمع کرواکر اور بیمہ پالیسیوں کے ذریعے لی جاتی ہے جو ملازمین کی موت کی صورت میں ہونے والے نقصان کو کور کرتی ہیں۔ بقیہ رقم بینک دولت پاکستان سے قابل حصول ہے اور اس لیے اس کے حوالے سے کوئی خطرۂ قرض نہیں۔

**18.4 سیالیت کے خطرے کا انتظام**

سیالیت کا خطرہ ایسی صورتحال کو کہتے ہیں جس میں کارپوریشن کو مالی وثیقہ جات کی ادائیگیوں کے لیے فنڈز جمع کرنے میں مشکلات کا سامنا ہو۔ کارپوریشن کی انتظامیہ سمجھتی ہے کہ اسے کسی خاص خطرۂ سیالیت کا سامنا نہیں۔

**18.5 مالی اثاثوں اور واجبات کی مناسب مالیت**

مالی اثاثوں اور واجبات کی مناسب مالیت تخمینے کے مطابق ان کی موجودہ مالیت کے قریب ہے۔

**19 تقابلی معلومات کی ازسرنو زمرہ بندی**

رواں سال میں بعض تبدیلیوں کے نتیجے میں سابقہ مدت کے بعض اعداد و شمار کی ازسرنو زمرہ بندی کی گئی ہے۔

| کوائف | موجودہ زمرہ بندی | سابق زمرہ بندی | رقم (000روپے) |
|---|---|---|---|
| دیگر اثاثوں کی ازسرنو زمرہ بندی | اسٹاک بہ دست | دیگر اثاثے | 47,037 |

**20**

یہ مالی گوشوارے مورخہ 12 اکتوبر 2009ء کو کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے اجرا کے لیے منظور کیے گئے۔

**21 اعداد و شمار**

اعشاریہ ختم کرنے کے لیے قریب ترین ہزار روپے کی شکل میں لائے گئے ہیں، بشرطیکہ کچھ اور مذکور نہ ہو۔

**قاسم نواز**
**منیجنگ ڈائریکٹر**

**ریاض نذر علی**
**ڈائریکٹر اکاؤنٹس**